خبروں کا اعلامیہ

Alberta

# پریمیئر مضبوط، متنوع کمیونٹیز سے عہد کرتے ہیں

14اپریل، 2023

## پریمیئر ڈینیئل اسمتھ (Danielle Smith) نے پریمیئرز کونسل آن ملٹی کلچرلزم(Premier’s Council on Multiculturalism) بنائی ہے، ایک کونسل جس کا مقصد البرٹا میں کثیر الثقافتی کو فروغ دینا ہے۔

البرٹا مختلف پس منظر، عقائد اور ثقافتوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کا گھر ہے۔ البرٹا کی حکومت کو یقین ہے کہ یہ کثیر الثقافتی ساخت کا ایک اندرونی حصہ ہے جو صوبے کو ایک ساتھ باندھتا ہے۔ نئی پریمیئرز کونسل آن ملٹی کلچرلزم ( Premier’s Council on Multiculturalism )حکومت کو مشورہ فراہم کرے گی تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ البرٹا کی کمیونٹیز مضبوط تراور ہر ایک کے لیے خوش آئند بنیں۔

نئی کونسل ثقافتی تنوع، سماجی شمولیت اور تعلیمی تبادلوں کو بہترین معاونت، حوصلہ افزائی اور فروغ دینے کے طریقوں پر مشورہ دے گی۔ یہ کام جامع کمیونٹیز کی تعمیر میں مدد کرتا رہے گا جہاں لوگ اپنی اہمیت، قدر اور عزت محسوس کریں۔

"البرٹا کا تنوع ہماری سب سے بڑی طاقتوں میں سے ایک ہے اور ہمارے صوبے میں ہر ایک کے لیے روشن مستقبل کی تعمیر میں ایک اہم ستون ہے۔ ہمارا مقصد اس صوبے کی تشکیل جاری رکھنا ہے جہاں ہر کوئی اپنائیت محسوس کرے ، جہاں کسی شخص کی ثقافت، زبان اور مذہب کا نہ صرف احترام کیا جاتا ہو بلکہ اس کی قدر بھی کی جاتی ہو۔ میں اس کو حاصل کرنے میں ہماری مدد کرنے کے لیے نئی کونسل کے کام کی منتظر ہوں۔ "
*ڈینیئل اسمتھ، پریمیئر (Danielle Smith, Premier )*

دو شریک چیئرز( co-chairs) ، سومیتا آنند(Sumita Anand) اور فیلومینا اوکیکے-ایہیجیریکا (Philomina Okeke-Ihejirika) کی قیادت میں، 30 رکنی کونسل صوبے میں نمائندگی کرنے والی متنوع کمیونٹیز کے ساتھ البرٹا کی حکومت کے مضبوط تعلقات اکو تعمیر کرنے کی کوششوں میں رہنمائی کرے گی۔ بین الثقافتی بیداری، تفہیم اور قدر دانی پیدا کرنے سے، البرٹنز بہتر طور پر نئے اور مضبوط تعلقات اتعمیر کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔

"مجھے کثیر ثقافتی سے متعلق پریمیئرکی کونسل (Premier’s Council on Multiculturalism) کے قیام کا اعلان کرتے ہوئے فخر ہے۔ کثیر ثقافتی البرٹا کے سماجی اور اقتصادی ساخت کا ایک اہم ستون ہے۔ اس کونسل کے کمیونٹی لیڈرز ہمارے صوبے میں متنوع کمیونٹیز کی ضروریات، مسائل اور خدشات کو بہتر انداز میں بیان کرنے کے لیے اپنی قیمتی بصیرت اور تجربات سے فائدہ اٹھائیں گے۔ البرٹا موقع اور امید کی کرن ہے۔ ہم دنیا بھر سے لوگوں کو اس صوبے کو اپنا گھر بنانے کے لیے راغب کرتے ہیں۔ یہ اعلان اس بات کو یقینی بنانے کی جانب ایک قدم ہے کہ البرٹا تمام البرٹنز کے لیے ایک خوش آئند، مشمول اور محفوظ کمیونٹی کے طور پر برقرار ہے۔"

*راجن ساہنی، منسٹر آف ٹریڈ، امیگریشن اینڈ ملٹی کلچرزم (Rajan Sawhney, Minister of Trade, Immigration and Multiculturalism)*

درجہ بندی: پبلک

# البرٹا کا نسل پرستی کے خلاف ایکشن پلان

البرٹا کی حکومت ہر قسم کی نسل پرستی اور نفرت کی واضح طور پر مذمت کرتی ہے۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے مسلسل مصروفیت اور اقدامات کیے جائیں گے کہ کثیر الثقافتی البرٹا کے معاشرے کا ایک ستون رہے اور یہ کہ ہر کوئی البرٹا کو امتیازی سلوک اور نفرت سے پاک اپنا گھر کہہ سکے۔

کثیر ثقافتی سے متعلق پریمیئرکی کونسل (Premier's Council on Multiculturalism) البرٹا اینٹی ریسزم ایڈوائزری کونسل (اے اے آر سی)

(Alberta Anti-Racism Advisory Council (AARAC)) کے کام کی تکمیل میں مدد کرے گی، جو 2022 میں تشکیل دی گئی تھی۔

2022میں، اے اے آر سی (AARAC) نے البرٹا اینٹی ریسزم ایکشن پلان (Alberta Anti-Racism Action Plan (AARAC))نام کی اپنی رپورٹ جاری کی: تنوع اور شمولیت کو تقویت دینا (Strengthening Diversity and Inclusion)، جس میں البرٹا کی حکومت کے لیے 28 ایکشن آئٹمز (action items)کی نشاندہی کی گئی ہے تاکہ البرٹا کے باشندوں کو ایک دوسرے کو مزید قبول کرنے کی ترغیب دی جائے۔اب تک، ایکشن آئٹمز (action items)میں سے سات مکمل ہو چکے ہیں، 12 کے کام جاری ہیں اور نو جانچ کے لیے اورقابل کارروائی قرار پانےکے لیے تیار ہیں۔ ان آئیٹمز کے علاوہ، البرٹا کی حکومت نے کارروائی کی ہے، جس میں کارڈبندی(carding) کے عمل کو ختم کرنا، *پولیس ایکٹ* ( *Police Act* )میں اصلاحات، البرٹا ہیٹ کرائم کوآرڈینیشن یونٹ (Alberta Hate Crime Coordination Unit)اور ہیٹ کرائم پر کمیونٹی رابطہ (Community Liaison on Hate Crime )قائم کرنا، سیکیورٹی انفراسٹرکچر گرانٹ پروگرام (Security Infrastructure Grant program) بنانا،خلافِ نسل پرستی گرانٹس اور نسلی ثقافتی گرانٹس (ethnocultural grants)، اورپیشوں سے متعلق مخصوص مہارتوں(trade skills) اور ملازمت کی تربیت کے لیے نسلی ثقافتی گرانٹس (ethnocultural grants) فراہم کرنا شامل ہے۔

البرٹا اینٹی ریسزم ایکشن پلان (Alberta Anti-Racism Advisory Council (AARAC))میں نشاندہی کی گئی ہر اقدام کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے، پریمیئر سمتھ (Premier Smith )نے متعلقہ وزراء کو ہدایت کی ہے کہ وہ مالی سال2023-24 کے آخر تک کا روائی کی ہر آئیٹم کو مکمل کریں۔ اس مقصد کو پورا کرنے کے لیے، پریمیئر سمتھ (Premier Smith )نے عہد کیا ہے کہ اقدامات کو مکمل کرنے کے لیے جہاں ضروری ہو وہاں مکمل فنڈنگ فراہم کی جائے گی۔ "

"البرٹا ایک طویل عرصے سے ایک کثیر الثقافتی موزیک کے طور پر جانا جاتا ہے جو مختلف ثقافتوں، زبانوں اور نسلوں کے لوگوں پر مشتمل ہے۔ مواقع کی سرزمین، لیکن ایک ایسی سرزمین جو اب بھی ہمارے صوبے میں نسل پرست لوگوں کے لیے چیلنجوں کے ساتھ آتی ہے۔ نسل پرستی، امتیازی سلوک اور عدم مساوات پر توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے، اور مجھے خوشی ہے کہ پریمیئرز کونسل آن ملٹی کلچرلزم البرٹا کی انسداد نسل پرستی کی مشاورتی کونسل کے ساتھ مل کر البرٹا کی اگلی نسل کے روشن مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے کام کرے گی۔ "

*کیسی ماڈو، وزیر برائے ہنر مند تجارت اور پیشے (Kaycee Madu, Minister of Skilled Trades and Professions)*

## فوری حقائق

- البرٹا میں 4,177,720 افراد میں سے:

- ○ 27.8 فیصد بصری اقلیتیں(visible minorities) ہیں
- ○ 23.2 فیصد (970,975) تارکین وطن ہیں
- ○ 6.8 فیصد (284,465) سودیشی (انڈیجنس) ہیں
- مختلف ثقافتی پس منظروں سے تعلق رکھنے والے البرٹنز (مرئی اقلیتی آبادی) کا اشتراک 1996 میں 269,280 سے چار گنا بڑھ کر 2021 میں 1,161,420 ہو گیا ہے۔
- مکمل کونسل کی رکنیت میں شامل ہیں:
  - سمیتا آنند (شریک چیئر) (Sumita Anand (co-chair))
  - فلومینا اوکیکے ایہیجیریکا (شریک چیئر)(Philomina Okeke-Ihejirika (co-chair))
  - علی الطیب (Ali Eltayeb)
  - علی رقہ (Ali Rakka)
  - الفونس احولا (Alphonse Ahola)
  - بوٹا سنگھ ریہل (Buta Singh Rehill)
  - چارلس یانگ (Charles Yang)
  - چارلی وو (Charlie Wu)
  - ڈاہلیہ مصطفیٰ (Dahlia Mostafa)
  - ایبیزر اسارے (Ebenezer Asare)
  - ایرک ایسٹراڈا (Erick Estrada)
  - حسین ورسیم (Hussein Warsame)
  - ریکھاگڑھیا (Rekha Gadhia)
  - شیریسا سیلس (Sherrisa Celis)
  - سن جونگ چون(SunJong Chun)
  - طارق خان (Tariq Khan)
  - تھامس چیئک (Thomas Cheuk)
  - وال اےبینوگن (WaLe Balogun)
  - بصیر صالح (Basir Saleh)
  - گربچن سنگھ پال (Gurbachan Singh Paul)
  - ہولی مہ (Holly Mah)
  - جیکی ہالپرن(Jackie Halpern)
  - جبرائیل ابراہیم (Jibril Ibrahim)
  - جسٹن جمی(Justin Jimmy)
  - پیمان اسماعیلی (Payman Esmaili)
  - رک والٹرز (Rick Walters)
  - رولینڈو انزونزا (Rolando Inzunza)
  - تھامس ایپن(Thomas Eapen)
  - ورجینیا سملینوگ (Virginia Sumalinog)
  - شیلیزا کلوج (Sheliza Kluge)
- کونسل کے اراکین درج ذیل کے طریقے تلاش کریں گے:

- بین الثقافتی تفہیم کو فروغ دینا اور کثیر الثقافتی کمیونٹیز کو منانا
- اختراعی ثقافتی اقدامات اور متنوع سماجی تعاملات کے مواقع کی حمایت کرنا
- تنوع کی اہمیت کے بارے میں تعلیمی اقدامات اور عوامی بیداری میں اضافہ کرنا
- سودیشی (انڈیجنس) لوگوں اور نئے آنے والوں کے لیے اپنی صلاحیتوں اور لیاقتوں کو بانٹنے اور البرٹا کی معیشت کی ترقی میں حصہ ڈالنے کے مواقع میں اضافہ کرنا
- ایک ایسا صوبہ بنائیں جہاں ہر کوئی محسوس کرے کہ وہ شامل ہیں اور ان کی ثقافتوں اور ورثے کی قدر کی جاتی ہے۔
- لبرٹا کا نسل پرستی کے خلاف ایکشن پلان (Alberta Anti-Racism Action Plan ) میں بیان کردہ اقدامات کو نافذ کرنے میں مدد کریں
- کام کی جگہ اور ملازمت سے متعلق امتیازی سلوک کا مقابلہ کرنے کے لیے مختلف نسل پر مبنی ڈیٹا اکٹھا کرنے کے لیے نسل پرستی کے خلاف قانون سازی متعارف کروائیں
- نفرت پر مبنی جرائم کی قانون سازی کو بہتر بنانے کے لیے وفاقی حکومت کے ساتھ کام جاری رکھیں
- بین الاقوامی تربیت یافتہ پیشہ ور افراد کے لیے رہنمائی پروگرام قائم کریں۔

## متعلقہ معلومات

- پریمیئرز کونسل آن ملٹی کلچرلزم Premier's Council on Multiculturalism
- البرٹا کا نسل پرستی کے خلاف ایکشن پلان - تنوع اور شمولیت کو مضبوط بنانا Alberta's Anti-Racism Action Plan - Strengthening Diversity And Inclusion
- البرٹا کی انسداد نسل پرستی کی مشاورتی کونسل Alberta’s Anti-Racism Advisory Council

## ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں (Watch the news conference)
- نیوز کانفرنس سنیں (Listen to the news conference)